سوالات پوچھے گئے ہیں جن کے جوابات تھوڑی سی توجہ سے دیے جا سکتے ہیں۔

الغرض توحید کی حقانیت اور شرک کا بطلان قرآنی آیات کے ذریعے ذہن نشین کرانے کی یہ نہایت کامیاب کوشش ہے۔ جو شخص بھی تعصب اور ضد کی عینک اُتار کر قرآن وسنت کی روشنی میں توحید اور شرک کی حقیقت سمجھنے کا ارادہ رکھتا ہو اُس کے لیے یہ کتاب بہترین راہ نما ہے۔

(۲)

نام کتاب : قرآن وحدیث کی روشنی میں تعلیم وتربیت

مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

ضخامت : 242 صفحات ۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ F-137 سنٹرل ایونیو روڈ S.I.T.E کراچی

مرکزی انجمن سہروردیہ کراچی علمی حلقوں میں ایک جانا پہچانا نام ہے۔اس نے اسلامی تعلیمات پر مشتمل کئی معیاری کتب شائع کر کے ہدیتاً تقسیم کیں۔ زیر تبصرہ کتاب ''قرآن و حدیث کی روشنی میں تعلیم وتربیت'' اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

اولاد کی تربیت بڑا نازک اور اہم معاملہ ہے۔اس میں کوتاہی بعض اوقات والدین کے لیے بڑے سنگین مسائل پیدا کر دیتی ہے۔مگر یہ مسئلہ جس قدر اہم ہے اُسی قدر نظر انداز شدہ (neglected) بھی ہے۔آج کے دَور میں معاشی دوڑ دھوپ نے اس قدر شدت اختیار کر لی ہے کہ اکثر والدین اپنی اولاد کی تربیت کی ذمہ داری سے غفلت برت رہے ہیں۔اس کتاب میں والدین اور اساتذہ کو اُن کے فرائض سے باخبر کیا گیا ہے اور اس کام کی اہمیت بھی واضح کی گئی ہے۔

مصنف نہ صرف مستند عالم دین ہیں بلکہ بچوں اور بڑوں کی نفسیات سے بھی بخوبی آگاہ ہیں۔انہوں نے بڑے منطقی انداز میں بچوں کی تعلیم وتربیت میں والدین' مدرسے' ماحول اور حکومت کی ذمہ داریوں کو واضح کیا ہے اور مختلف تعلیمی نظریات کو بیان کر کے اسلامی نظریہ تعلیم کی جامعیت واضح کی ہے۔ بچوں کی تعلیم وتربیت کے سلسلے میں یہ کتاب والدین اور اساتذہ کے لیے بہترین گائیڈ ہے۔مصنف کی یہ کاوش اس قابل ہے کہ ماں باپ' والدین اور سکول و کالج کے اساتذہ اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں اور نئی نسل کی تعلیم وتربیت میں کما حقہٗ دلچسپی

لے کر اسے ملک وقوم کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنائیں۔ اگر اس کتاب کو اساتذہ کے تربیتی اداروں میں شاملِ نصاب کرلیا جائے تو اس سے اچھے نتائج برآمد ہوں گے۔

(۳)

نام کتاب : تذکرۂ سہروردیہ
مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی
ضخامت : 128 صفحات ۔
ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ‘ F-137 سنٹرل ایونیو روڈ‘ سائٹ کراچی

مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی معروف عالم دین ہیں۔ اسلامی موضوعات پر کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ یہ کتاب سلاسل تصوف میں سے ایک سلسلہ ’’سہروردیہ‘‘ کے بانی شیخ شہاب الدین عمر سہروردی کے حالات پر مشتمل ہے۔ شیخ شہاب الدین چھٹی صدی ہجری کے بزرگ ہیں۔ ان کا شجرۂ نسب امیر المؤمنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ آپ نے عربی اور فارسی میں کئی کتابیں یادگار چھوڑی ہیں‘ جن میں عوارف المعارف اور رشف النصائح الایمانیہ زیادہ مشہور ہیں۔ عربی اور فارسی میں آپ نے اپنا منظوم کلام بھی چھوڑا ہے۔

تصوف میں دلچسپی رکھنے والے خصوصاً سلسلۂ سہروردیہ کے متعلقین کے لیے یہ معلومات افزا کتاب ہے۔

(۴)

نام کتاب : ایک آنکھ والا دجال
مصنف : ڈاکٹر گوہر مشتاق
ضخامت : 120 صفحات ۔ قیمت : 70 روپے
ملنے کا پتہ: ادارہ بتول‘ F-14 سید پلازہ‘ 30۔ فیروز پور روڈ‘ لاہور

ڈاکٹر گوہر مشتاق اعلیٰ تعلیم یافتہ‘ بالغ نظر اور دردِ دل رکھنے والے مسلمان ہیں۔ انہوں نے نیوجرسی ریاست کی رٹگرز (Rutgers) یونیورسٹی سے بایوفزیکل کیمسٹری میں ایم ایس سی کی ڈگری حاصل کی اور وہیں تدریس کے شعبے سے منسلک ہو گئے۔ بہترین کارکردگی کی بنا پر